Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

DUA · AL-SAHIFA AL-SAJJADIYYA

# 45. Farewell Ramazan

# وداعِ ماہِ رمضان

## His Supplication in Bidding Farewell to Ramazan

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

*BISMI ALLAAHI AR-RAHMAANI AR-RAHEEM*

In the Name of Allah, the most Gracious, the most Merciful.

اللہ کے نام سے (شروع کرتا ہوں) جو بڑا مہربان نہایت رحم کرنے والا ہے۔

اَللّٰهُمَّ يَامَنْ لَّا يَرْغَبُ فِي الْجَزَآءِ وَيَا مَنْ لَّا يَنْدَمُ عَلَى الْعَطَآءِ وَيَا مَنْ لَّا يُكَافِئُ عَبْدَهٗ عَلَى السَّوَآءِ مِنَّتُكَ اِبْتِدَآءٌ، وَعَفْوُكَ تَفَضُّلٌ، وَعُقُوْبَتُكَ عَدْلٌ، وَقَضَآؤُكَ خِيَرَةٌ اِنْ اَعْطَيْتَ لَمْ تَشُبْ عَطَآءَكَ بِمَنٍّ، وَّاِنْ مَنَعْتَ لَمْ يَكُنْ مَّنْعُكَ تَعَدِّيًا۔

*ALLAAHUMMA YAA MAN LAA YARGHABU FEE AL-JAZAA'I WAYAA MAN LAA YANDAMU 'ALAA AL-'ATAA'I WAYAA MAN LAA YUKAAFI'U 'ABDAHOO 'ALAA AS-SAWAA'I MINNATUKA IBTIDAA'UN, WA'AFWUKA TAFADDULUN, WA'UQOOBATUKA 'ADLUN, WAQADAA'UKA KHIYARATUN IN A'TAYTA LAM TASHUB 'ATAA'AKA BIMANNIN, WA-IN MANA'TA LAM YAKUN MAN'UKA TA'ADDIYAA.*

O God, O He who desires no repayment! O He who shows no remorse at bestowal! O He who rewards not His servant tit for tat! Thy kindness is a new beginning, Thy pardon gratuitous bounty, Thy punishment justice, Thy decree a choice for the best! If Thou bestowest, Thou stainest not Thy bestowal with obligation, and if Thou withholdest, Thou withholdest not in transgression.

اے اللہ ! اے وہ جو (اپنے احسانات کا) بدلہ نہیں چاہتا۔ اے وہ جو عطا و بخشش پر پشیمان نہیں ہوتا۔ اے وہ جو اپنے بندوں کو (ان کے عمل کے مقابلہ میں) نپا تلا اجر نہیں دیتا۔ تیری نعمتیں بغیر کسی سابقہ استحقاق کے ہیں اور تیرا عفو و درگزر تفضل و احسان ہے تیرا سزا دینا عین عدل اور تیرا فیصلہ خیر و بہبودی کا حامل ہے تو اگر دیتا ہے تو اپنی عطا کو منت گزاری سے آلودہ نہیں کرتا اور اگر منع کر دیتا ہے تو یہ ظلم و زیادتی کی بنا پر نہیں ہوتا۔



Free to read, copy and share

تَشْكُرُ مَنْ شَكَرَكَ وَاَنْتَ الْهَمْتَهٗ شُكْرَكَ وَتُكَافِئُ مَنْ حَمِدَكَ وَاَنْتَ عَلَّمْتَهٗ حَمْدَكَ تَسْتُرُ عَلٰى مَنْ لَّوْ شِئْتَ فَضَحْتَهٗ، وَتَجُوْدُ عَلٰى مَنْ لَّوْ شِئْتَ مَنَعْتَهٗ، وَكِلَاهُمَا اَهْلٌ مِّنْكَ لِلْفَضِيْحَةِ وَالْمَنْعِ غَيْرَ اَنَّكَ بَنَيْتَ اَفْعَالَكَ عَلَى التَّفَضُّلِ، وَاجْرَيْتَ قُدْرَتَكَ عَلَى التَّجَاوُزِ وَتَلَقَّيْتَ مَنْ عَصَاكَ بِالْحِلْمِ، وَامْهَلْتَ مَنْ قَصَدَ لِنَفْسِهٖ بِالظُّلْمِ۔

*TASHKURU MAN SHAKARAKA WA-ANTA AL-HAMTAHOO SHUKRAKA WATUKAAFI'U MAN HAMIDAKA WA-ANTA 'ALLAMTAHOO HAMDAKA TASTURU 'ALAA MAN LAW SHI'TA FADAHTAHOO, WATAJOODU 'ALAA MAN LAW SHI'TA MANA'TAHOO, WAKILAAHUMAA AHLUN MINKA LIL-FADEEHATI WAL-MAN'I GHAYRA ANNAKA BANAYTA AF'AALAKA 'ALAA AT-TAFADDULI, WAJRAYTA QUDRATAKA 'ALAA AT-TAJAAWUZI WATALAQQAYTA MAN 'ASAAKA BIL-HILMI, WAMHALTA MAN QASADA LINAFSIHEE BIZ-ZULM.*

Thou showest gratitude to him who thanks Thee, while Thou hast inspired him to thank Thee. Thou rewardest him who praises Thee, while Thou hast taught him Thy praise. Thou coverest him whom, if Thou willed, Thou wouldst expose, and Thou art generous toward him from whom, if Thou willed, Thou wouldst withhold. Both are worthy of Thy exposure and withholding, but Thou hast founded Thy acts upon gratuitous bounty, channelled Thy power into forbearance, received him who disobeyed Thee with clemency, and granted respite to him who intended wrongdoing against himself.

جو تیرا شکر ادا کرتا ہے تو اس کے شکر کی جزا دیتا ہے۔ حالانکہ تو ہی نے اس کے دل میں شکرگزاری کا القاء کیا ہے اور جو تیری حمد کرتا ہے اسے بدلہ دیتا ہے حالانکہ تو ہی نے اسے حمد کی تعلیم دی ہے اور ایسے شخص کی پردہ پوشی کرتا ہے کہ اگر چاہتا تو اسے رسوا کر دیتا ہے۔ اور ایسے شخص کو دیتا ہے کہ اگر چاہتا تو اسے نہ دیتا۔ حالانکہ وہ دونوں تیری بارگاہ عدالت میں رسوا و محروم کیے جانے ہی کے قابل تھے مگر تو نے اپنے افعال کی بنیاد تفضل و احسان پر رکھی ہے اور اپنے اقتدار کو عفو و درگزر کی راہ پر لگایا ہے اور جس کسی نے تیری نافرمانی کی تو نے اس سے بردباری کا رویہ اختیار کیا۔ اور جس کسی نے اپنے نفس پر ظلم کا ارادہ کیا تو نے اسے مہلت دی


Free to read, copy and share

تَسْتَنْظِرُهُمْ بِاَنَاتِكَ اِلَى الْاِنَابَةِ، وَتَتْرُكُ مُعَاجَلَتَهُمْ اِلَى التَّوْبَةِ لِكَيْلَا يَهْلِكَ عَلَيْكَ هَالِكُهُمْ، وَلَا يَشْقٰى بِنِعْمَتِكَ شَقِيُّهُمْ اِلَّا عَنْ طُوْلِ الْاِعْذَارِ اِلَيْهِ، وَبَعْدَ تَرَادُفِ الْحُجَّةِ عَلَيْهِ، كَرَمًا مِّنْ عَفْوِكَ يَا كَرِيْمُ، وَعَآئِدَةً مِّنْ عَطْفِكَ يَاحَلِيْمُ۔

*TASTANZIRUHUM BI-ANAATIKA ILAA AL-NAABATI, WATATRUKU MU'AAJALATAHUM ILAA AT-TAWBATI LIKAYLAA YAHLIKA 'ALAYKA HAALIKUHUM, WALAA YASHQAA BINI'MATIKA SHAQIYYUHUM ILLAA 'AN TOOLI AL-I'ZAARI ILAYHI, WABA'DA TARAADUFI AL-HUJJATI 'ALAYHI, KARAMAN MIN 'AFWIKA YAA KAREEMU, WA'AA'IDATAN MIN 'ATFIKA YAA HALEEM.*

Thou awaitest their turning back without haste and refrainest from rushing them toward repentance, so that the perisher among them may not perish because of Thee and the wretched may not be wretched through Thy favour, but only after Thy prolonged excusing him and successive arguments against him, as an act of generosity through Thy pardon, O Generous, and an act of kindliness through Thy tenderness, O Clement!

تو ان کے رجوع ہونے تک اپنے حلم کی بنا پر مہلت دیتا ہے اور توبہ کرنے تک انہیں سزا دینے میں جلدی نہیں کرتا تا کہ تیری منشاء کے خلاف تباہ ہونے والا تباہ نہ ہو اور تیری نعمت کی وجہ سے بدبخت ہونے والا بدبخت نہ ہو مگر اس وقت کہ جب اس پر پوری عذرداری اور اتمام حجت ہو جائے۔ اے کریم! یہ (اتمام حجت) تیرے عفو و درگزر کا کرم اور اے بردبار تیری شفقت و مہربانی کا فیض ہے۔


Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

اَنْتَ الَّذِيْ فَتَحْتَ لِعِبَادِكَ بَابًا اِلٰى عَفْوِكَ، وَسَمَّيْتَهُ التَّوْبَةَ، وَجَعَلْتَ عَلٰى ذٰلِكَ الْبَابِ دَلِيْلًا مِّنْ وَحْيِكَ لِئَلَّا يَضِلُّوْا عَنْهُ، فَقُلْتَ تَبَارَكَ اسْمُكَ تُوْبُوْا اِلَى اللّٰهِ تَوْبَةً نَصُوْحًا عَسٰى رَبُّكُمْ اَنْ يُكَفِّرَ عَنْكُمْ سَيِّئَاتِكُمْ وَيُدْخِلَكُمْ جَنَّاتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهَارُ يَوْمَ لَا يُخْزِي اللّٰهُ النَّبِيَّ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ، نُوْرُهُمْ يَسْعٰى بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَبِاَيْمَانِهِمْ، يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَا اَتْمِمْ لَنَا نُوْرَنَا، وَاغْفِرْ لَنَا، اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ۔

*ANTA ALLAZEE FATAHTA LI'IBAADIKA BAABAN ILAA 'AFWIKA, WASAMMAYTAHU AT-TAWBATA, WAJA'ALTA 'ALAA ZAALIKA AL-BAABI DALEELAN MIN WAHYIKA LI'ALLAA YADILLOO 'ANHU, FAQULTA TABAARAKA ISMUKA TOOBOO ILAA ALLAAHI TAWBATAN NASOOHAN 'ASAA RABBUKUM AN YUKAFFIRA 'ANKUM SAYYI'AATIKUM WAYUDKHILAKUM JANNAATIN TAJREE MIN TAHTIHAA AL-NHAARU YAWMA LAA YUKHZEE ALLAAHU AN-NABIYYA WALLAZEENA AAMANOO MA'AHOO, NOORUHUM YAS'AA BAYNA AYDEEHIM WABI-AYMAANIHIM, YAQOOLOONA RABBANAA ATMIM LANAA NOORANAA, WAGHFIR LANAA, INNAKA 'ALAA KULLI SHAY'IN QADEER.*

It is Thou who hast opened for Thy servants a door to Thy pardon, which Thou hast named ’repentance’. Thou hast placed upon that door a pointer from Thy revelation, lest they stray from it: Thou hast said (blessed are Thy names), Repent toward God with unswerving repentance! It may be that your Lord will acquit you of your evil deeds and will admit you into gardens beneath which rivers flow, upon the day when God will not degrade the Prophet and those who have faith along with him, their light running before them and on their right hands, and they say: ’Our Lord, complete for us our light, and forgive us! Surely Thou art powerful over everything.’

تو ہی ہے وہ جس نے اپنے بندوں کے لئے عفو بخشش کا دروازہ کھولا ہے اور اس کا نام توبہ رکھا ہے اور تو نے اس دروازہ کی نشان دہی کے لئے اپنی وحی کو رہبر قرار دیا ہے تاکہ وہ اس دروازہ سے بھٹک نہ جائیں چنانچہ اے مبارک نام والے تو نے فرمایا ہے کہ خدا کی بارگاہ میں سچے دل سے توبہ کرو۔ امید ہے کہ تمہارا پروردگار تمہارے گناہوں کو محو کر دے اور تمہیں اس بہشت میں داخل کرے جس کے (محلات وباغات) کے نیچے نہریں بہتی ہیں۔ اس دن جب خدا اپنے رسول اور ان لوگوں کو جو اس پر ایمان لائے ہیں رسوا نہیں کرے گا بلکہ ان کا نور ان کے آگے آگے اور ان کی دائیں جانب چلتا ہو گا اور وہ لوگ یہ کہتے ہوں گے کہ اے ہمارے پروردگار! ہمارے لئے ہمارے نور کو کامل فرما اور ہمیں بخش دے۔ اس لئے کہ تو ہر چیز پر قادر ہے۔



Free to read, copy and share

فَمَا عُذْرُ مَنْ اَغْفَلَ دُخُوْلَ ذٰلِكَ الْمَنْزِلِ بَعْدَ فَتْحِ الْبَابِ وَاِقَامَةِ الدَّلِيْلِ وَاَنْتَ الَّذِيْ زِدْتَ فِي السَّوْمِ عَلٰى نَفْسِكَ لِعِبَادِكَ، تُرِيْدُ رِبْحَهُمْ فِيْ مُتَاجَرَتِهِمْ لَكَ، وَفَوْزَهُمْ بِالْوِفَادَةِ عَلَيْكَ، وَالزِّيَادَةِ مِنْكَ، فَقُلْتَ تَبَارَكَ اسْمُكَ وَتَعَالَيْتَ مَنْ جَآءَ بِالْحَسَنَةِ فَلَهٗ عَشْرُ اَمْثَالِهَا، وَمَنْ جَآءَ بِالسَّيِّئَةِ فَلَا يُجْزٰى اِلَّا مِثْلَهَا۔

*FAMAA 'UZRU MAN AGHFALA DUKHOOLA ZAALIKA AL-MANZILI BA'DA FATHI AL-BAABI WA-IQAAMATI AD-DALEELI WA-ANTA ALLAZEE ZIDTA FEE AS-SAWMI 'ALAA NAFSIKA LI'IBAADIKA, TUREEDU RIBHAHUM FEE MUTAAJARATIHIM LAKA, WAFAWZAHUM BIL-WIFAADATI 'ALAYKA, WAZ-ZIYAADATI MINKA, FAQULTA TABAARAKA ISMUKA WATA'AALAYTA MAN JAA'A BIL-HASANATI FALAHOO 'ASHRU IMTHAALIHAA, WAMAN JAA'A BIS-SAYYI'ATI FALAA YUJZAA ILLAA MITHLAHAA.*

What is the excuse of him who remains heedless of entering that house after the opening of the door and the setting up of the pointer? It is Thou who hast raised the price against Thyself to the advantage of Thy servants, desiring their profit in their trade with Thee, their triumph through reaching Thee, and their increase on account of Thee, for Thou hast said (blessed is Thy Name and high art Thou exalted), Whoso brings a good deed shall have ten the like of it, and whoso brings an evil deed shall only be recompensed the like of it.

تو اب جو اس گھر میں داخل ہونے سے غفلت کرے جب کہ دروازہ کھولا اور رہبر مقرر کیا جا چکا ہے تو اس کا عذر وبہانہ کیا ہو سکتا ہے ؟ تو وہ ہے جس نے اپنے بندوں کے لئے لین دین میں اونچے نرخوں کا ذمہ لے لیا ہے اور یہ چاہا ہے کہ وہ جو سودا تجھ سے کریں اس میں انہیں نفع ہو اور تیری طرف بڑھنے اور زیادہ حاصل کرنے میں کامیاب ہوں چنانچہ تو نے کہ جو مبارک نام والا اور بلند مقام والا ہے فرمایا ہے جو میرے پاس نیکی لے کر آئے گا اسے اس کا دس گنا اجر ملے گا اور جو برائی کا مرتکب ہو گا تو اس کو برائی کا بدلہ بس اتنا ہی ملے گا جتنی برائی ہے۔


Free to read, copy and share

وَقُلْتَ مَثَلُ الَّذِينَ يُنفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ فِيْ سَبِيْلِ اللهِ كَمَثَلِ حَبَّةٍ اَنْبَتَتْ سَبْعَ سَنَابِلَ فِيْ كُلِّ سُنْبُلَةٍ مِّائَةُ حَبَّةٍ، وَاللهُ يُضَاعِفُ لِمَنْ يَّشَآءُ، وَقُلْتَ مَنْ ذَا الَّذِيْ يُقْرِضُ اللهَ قَرْضًا حَسَنًا فَيُضَاعِفَهٗ لَهٗ اَضْعَافًا كَثِيْرَةً وَمَا اَنْزَلْتَ مِنْ نَظَائِرِهِنَّ فِي الْقُرْآنِ مِنْ تَضَاعِيْفِ الْحَسَنَاتِ۔

*WAQULTA MATHALU ALLAZEENA YUNFIQOONA AMWAALAHUM FEE SABEELI ALLAAHI KAMATHALI HABBATIN ANBATAT SAB'A SANAABILA FEE KULLI SUNBULATIN MI'ATU HABBATIN, WALLAAHU YUDAA'IFU LIMAN YASHAA'U, WAQULTA MAN ZAA ALLAZEE YUQRIDU ALLAAHA QARDAN HASANAN FAYUDAA'IFAHOO LAHU AD'AAFAN KATHEERATAN WAMAA ANZALTA MIN NAZAA'IRIHINNA FEE AL-QUR'AANI MIN TADAA'EEFI AL-HASANAAT.*

Thou hast said, The likeness of those who expend their wealth in the way of God is as the likeness of a grain of corn that sprouts seven ears, in every ear a hundred grains; so God multiplies unto whom He wills. Thou hast said, who is he that will lend to God a good loan, and He will multiply it for him manifold? And Thou hast sent down in the Qur'an similar verses on the multiplying of good deeds.

اور تیرا ارشاد ہے کہ: جو لوگ اللہ تعالی کی راہ میں اپنا مال خرچ کرتے ہیں ان کی مثال اس بیج کی سی ہے جس سے سات بالیاں نکلیں اور ہر بالی میں سو سو دانے ہوں اور خدا جس کے لئے چاہتا ہے دگنا کردیتا ہے۔۔۔ اور تیرا ارشاد ہے کہ۔۔۔۔کون ہے جو اللہ کو قرض حسنہ دے تاکہ خدا اس کے مال کو کئی گنا زیادہ کرکے ادا کرے اور ایسی ہی افزائش حسنات کے وعدہ پر مشتمل دوسری آیتیں کہ جو تو نے قرآن مجید میں نازل کی ہیں۔

وَاَنْتَ الَّذِيْ دَلَلْتَهُمْ بِقَوْلِكَ مِنْ غَيْبِكَ وَتَرْغِيْبِكَ الَّذِيْ فِيْهِ حَظُّهُمْ عَلٰى مَا لَوْ سَتَرْتَهٗ عَنْهُمْ لَمْ تُدْرِكْهُ اَبْصَارُهُمْ، وَلَمْ تَعِهِ اَسْمَاعُهُمْ، وَلَمْ تَلْحَقْهُ اَوْهَامُهُمْ، فَقُلْتَ اُذْكُرُوْنِيْ اَذْكُرْكُمْ، وَاشْكُرُوْا لِيْ وَلَا تَكْفُرُوْنِ۔

*WA-ANTA ALLAZEE DALALTAHUM BIQAWLIKA MIN GHAYBIKA WATARGHEEBIKA ALLAZEE FEEHI HAZZUHUM 'ALAA MAA LAW SATARTAHOO 'ANHUM LAM TUDRIK-HU ABSAARUHUM, WALAM TA'IHEE ASMAA'UHUM, WALAM TAL-HAQHU AWHAAMUHUM, FAQULTA UZKUROONEE AZKURKUM, WASHKUROO LEE WALAA TAKFUROON.*

It is Thou who hast pointed them through Thy speech from Thy Unseen and Thy encouragement in which lies their good fortune toward that which hadst Thou covered it from them - their eyes would not have perceived, their ears would not have heard, and their imaginations would not have grasped, for Thou hast said, Remember Me and I will remember you be thankful to Me, and be you not thankless towards Me!

اور تو ہی وہ ہے جس نے وحی و غیب کے کلام اور ایسی ترغیب کے ذریعہ کہ جو ان کے فائدہ پر مشتمل ہے ایسے امور کی طرف ان کی رہنمائی کی کہ اگر ان سے پوشیدہ رکھتا تو نہ ان کی آنکھیں دیکھ سکتیں، نہ ان کے کان سن سکتے اور نہ ان کے تصورات وہاں تک پہنچ سکتے چنانچہ تیرا ارشاد ہے کہ تم مجھے یاد رکھو میں تمہاری طرف سے غافل نہیں ہوں گا۔ اور میرا شکر ادا کرتے رہو اور ناشکری نہ کرو۔


Free to read, copy and share

وَقُلْتَ لَئِنْ شَكَرْتُمْ لَاَزِيْدَنَّكُمْ، وَلَئِنْ كَفَرْتُمْ اِنَّ عَذَابِيْ لَشَدِيْدٌ وَقُلْتَ اُدْعُوْنِيْ اَسْتَجِبْ لَكُمْ، اِنَّ الَّذِيْنَ يَسْتَكْبِرُوْنَ عَنْ عِبَادَتِيْ سَيَدْخُلُوْنَ جَهَنَّمَ دَاخِرِيْنَ، فَسَمَّيْتَ دُعَآءَكَ عِبَادَةً، وَتَرْكَهٗ اسْتِكْبَارًا، وَتَوَعَّدْتَ عَلٰى تَرْكِهٖ دُخُوْلَ جَهَنَّمَ دَاخِرِيْنَ۔

*WAQULTA LA'IN SHAKARTUM LA-AZEEDANNAKUM, WALA'IN KAFARTUM INNA 'AZAABEE LASHADEEDUN WAQULTA UD'OONEE ASTAJIB LAKUM, INNA ALLAZEENA YASTAKBIROONA 'AN 'IBAADATEE SAYADKHULOONA JAHANNAMA DAAKHIREENA, FASAMMAYTA DU'AA'AKA 'IBAADATAN, WATARKAHOO ISTIKBAARAN, WATAWA''ADTA 'ALAA TARKIHEE DUKHOOLA JAHANNAMA DAAKHIREEN.*

Thou hast said, If you are thankful, surely I will increase you, but if you are thankless, My chastisement is surely terrible; And Thou hast said, Supplicate Me and I will respond to you, surely those who wax too proud to worship Me shall enter Gehenna utterly abject. Hence, Thou hast named supplicating Thee 'worship' and refraining from it 'waxing proud', and Thou hast threatened that the refraining from it would yield entrance into Gehenna in utter abjection.

اور تیرا ارشاد ہے کہ اگر میرا شکر کرو گے تو میں یقیناً تمہیں زیادہ دوں گا اور اگر ناشکری کی تو یاد رکھو کہ میرا عذاب سخت عذاب ہے۔۔۔ اور تیرا ارشاد ہے کہ مجھ سے دعا مانگو تو میں قبول کروں گا۔ وہ لوگ جو غرور کی بنا پر میری عبادت سے منہ موڑ لیتے ہیں وہ عنقریب ذلیل ہو کر جہنم میں داخل ہوں گے۔ چنانچہ تو نے دعا کا نام عبادت رکھا اور اس کے ترک کو غرور سے تعبیر کیا اور اس کے ترک پر جہنم میں ذلیل ہو کر داخل ہونے سے ڈرایا !


Free to read, copy and share

فَذَكَرُوْكَ بِمَنِّكَ، وَشَكَرُوْكَ بِفَضْلِكَ، وَدَعَوْكَ بِاَمْرِكَ، وَتَصَدَّقُوْا لَكَ طَلَبًا لِمَزِيْدِكَ، وَفِيْهَا كَانَتْ نَجَاتُهُمْ مِنْ غَضَبِكَ، وَفَوْزُهُمْ بِرِضَاكَ وَلَوْ دَلَّ مَخْلُوْقٌ مَخْلُوْقًا مِّنْ نَفْسِهٖ عَلٰى مِثْلِ الَّذِيْ دَلَلْتَ عَلَيْهِ عِبَادَكَ مِنْكَ كَانَ مَوْصُوْفًا بِالْاِحْسَانِ، وَمَنْعُوْتًا بِالْاِمْتِنَانِ، وَمَحْمُوْدًا بِكُلِّ لِسَانٍ۔

*FAZAKAROOKA BIMANNIKA, WASHAKAROOKA BIFADLIKA, WADA'AWKA BI-AMRIKA, WATASADDAQOO LAKA TALABAN LIMAZEEDIKA, WAFEEHAA KAANAT NAJAATUHUM MIN GHADABIKA, WAFAWZUHUM BIRIDAAKA WALAW DALLA MAKHLOOQUN MAKHLOOQAN MIN NAFSIHEE 'ALAA MITHLI ALLAZEE DALALTA 'ALAYHI 'IBAADAKA MINKA KAANA MAWSOOFAN BIL-IHSAANI, WAMAN'OOTAN BIL-IMTINAANI, WAMAHMOODAN BIKULLI LISAAN.*

So they remember Thee for Thy kindness, they thank Thee for Thy bounty, they supplicate Thee by Thy command, and they donate for Thee in order to seek Thy increase; in all this lies their deliverance from Thy wrath and their triumph through Thy good pleasure. Were any creature himself to direct another creature to the like of that to which Thou Thyself hast directed Thy servants, he would be described by beneficence, qualified by kindness, and praised by every tongue.

اس لئے انہوں نے تیری نعمتوں کی وجہ سے تجھے یاد کیا۔ تیرے فضل و کرم کی بنا پر تیرا شکریہ ادا کیا اور تیرے حکم سے تجھے پکارا اور (نعمتوں میں) طلب افزائش کے لئے تیری راہ میں صدقہ دیا اور تیری یہ رہنمائی ہی ان کے لئے تیرے غضب سے بچاؤ اور تیری خوشنودی تک رسائی کی صورت تھی اور جن باتوں کی تو نے اپنی جانب سے اپنے بندوں کی رہنمائی کی ہے اگر کوئی مخلوق اپنی طرف سے دوسرے مخلوق کی ایسی ہی چیزوں کی طرف راہنمائی کرتا تو وہ قابل تحسین ہوتا۔


Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

فَلَكَ الْحَمْدُ مَا وُجِدَ فِيْ حَمْدِكَ مَذْهَبٌ، وَمَا بَقِيَ لِلْحَمْدِ لَفْظٌ تُحْمَدُ بِهٖ، وَمَعْنًى يَنْصَرِفُ اِلَيْهِ، يَامَنْ تَحَمَّدَ اِلٰى عِبَادِهٖ بِالْاِحْسَانِ وَالْفَضْلِ، وَغَمَرَهُمْ بِالْمَنِّ وَالطَّوْلِ، مَا اَفْشٰى فِيْنَا نِعْمَتَكَ، وَاَسْبَغَ عَلَيْنَا مِنَّتَكَ، وَاَخَصَّنَا بِبِرِّكَ هَدَيْتَنَا لِدِيْنِكَ الَّذِيْ اصْطَفَيْتَ، وَمِلَّتِكَ الَّتِيْ ارْتَضَيْتَ، وَسَبِيْلِكَ الَّذِيْ سَهَّلْتَ، وَبَصَّرْتَنَا الزُّلْفَةَ لَدَيْكَ، وَالْوُصُوْلَ اِلٰى كَرَامَتِكَ۔

*FALAKA AL-HAMDU MAA WUJIDA FEE HAMDIKA MAZHABUN, WAMAA BAQIYA LIL-HAMDI LAFZUN TUHMADU BIHEE, WAMA'NAN YANSARIFU ILAYHI, YAA MAN TAHAMMADA ILAA 'IBAADIHEE BIL-IHSAANI WAL-FADLI, WAGHAMARAHUM BIL-MANNI WAT-TAWLI, MAA AFSHAA FEENAA NI'MATAKA, WA-ASBAGHA 'ALAYNAA MINNATAKA, WA-AKHASSANAA BIBIRRIKA HADAYTANAA LIDEENIKA ALLAZEE ISTAFAYTA, WAMILLATIKA ALLATEE IRTADAYTA, WASABEELIKA ALLAZEE SAHHALTA, WABASSARTANAA AZ-ZULFATA LADAYKA, WAL-WUSOOLA ILAA KARAAMATIK.*

So to Thee belongs praise as long as there is found a way to praise Thee and as long as there remains for praising words by which Thou may be praised and meanings which may be spent in praise! O He who shows Himself praiseworthy to His servants through beneficence and bounty, flooding them with kindness and graciousness! How much Thy favour has been spread about among us, Thy kindness lavished upon us, and Thy goodness singled out for us! Thou hast guided us to Thy religion which Thou hast chosen, Thy creed with which Thou art pleased, and Thy path which Thou hast made smooth, and Thou hast shown us proximity to Thee and arrival at Thy generosity!

تو پھر تیرے ہی لئے حمد ستائش ہے جب تک تیری حمد کے لئے راہ پیدا ہوتی رہے اور جب تک حمد کے وہ الفاظ جن سے تیری تحمید کی جا سکے اور حمد کے وہ معنی جو تیری حمد کی طرف پلٹ سکیں باقی رہیں۔ اے وہ جو اپنے فضل و احسان سے بندوں کی حمد کا سزا وار ہوا ہے اور انہیں اپنی نعمت و بخشش سے ڈھانپ لیا ہے۔ ہم پر تیری نعمتیں کتنی آشکار ہیں اور تیرا انعام کتنا فراواں ہے اور کس قدر ہم تیرے انعام و احسان سے مخصوص ہیں تو نے اس دین کی جسے منتخب فرمایا اور اس طریقہ کی جسے پسند فرمایا اور اس راستہ کی جسے آسان کر دیا ہمیں ہدایت کی اور اپنے ہاں قرب حاصل کرنے اور عزّت و بزرگی تک پہنچنے کے لئے بصیرت دی۔



Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

اَللّٰهُمَّ وَاَنْتَ جَعَلْتَ مِنْ صَفَايَا تِلْكَ الْوَظَآئِفِ، وَخَصَآئِصِ تِلْكَ الْفُرُوْضِ شَهْرَ رَمَضَانَ الَّذِيْ اِخْتَصَصْتَهٗ مِنْ سَآئِرِ الشُّهُوْرِ، وَتَخَيَّرْتَهٗ مِنْ جَمِيْعِ الْاَزْمِنَةِ وَالدُّهُوْرِ، وَاٰثَرْتَهٗ عَلٰى كُلِّ اَوْقَاتِ السَّنَةِ بِمَا اَنْزَلْتَ فِيْهِ مِنَ الْقُرْاٰنِ وَالنُّوْرِ، وَضَاعَفْتَ فِيْهِ مِنَ الْاِيْمَانِ، وَفَرَضْتَ فِيْهِ مِنَ الصِّيَامِ، وَرَغَّبْتَ فِيْهِ مِنَ الْقِيَامِ، وَاَجْلَلْتَ فِيْهِ مِنْ لَّيْلَةِ الْقَدْرِ الَّتِيْ هِيَ خَيْرٌ مِّنْ اَلْفِ شَهْرٍ۔

*ALLAAHUMMA WA-ANTA JA'ALTA MIN SAFAAYAA TILKA AL-WAZAA'IFI, WAKHASAA'ISI TILKA AL-FUROODI SHAHRA RAMADAANA ALLAZEE IKHTASASTAHOO MIN SAA'IRI ASH-SHUHOORI, WATAKHAYYARTAHOO MIN JAMEE'I AL-AZMINATI WAD-DUHOORI, WA-AATHARTAHOO 'ALAA KULLI AWQAATI AS-SANATI BIMAA ANZALTA FEEHEE MINA AL-QUR'AANI WAN-NOORI, WADAA'AFTA FEEHI MINA AL-EEMAANI, WAFARADTA FEEHI MINA AS-SIYAAMI, WARAGHGHABTA FEEHI MINA AL-QIYAAMI, WAJLALTA FEEHI MIN LAYLATI AL-QADRI ALLATEE HIYA KHAYRUN MIN ALFI SHAHR.*

O God, among the choicest of those duties and the most special of those obligations Thou hast appointed the month of Ramadan, which Thou hast singled out from other months, chosen from among all periods and eras, and preferred over all times of the year through the Qur’an and the Light which Thou sent down within it, the faith which Thou multiplied by means of it, the fasting which Thou obligated therein, the standing in prayer which Thou encouraged at its time, and the Night of Decree which Thou magnified therein, the night which is better than a thousand months.

بارالہا !تو نے ان منتخب فرائض اور مخصوص واجبات میں سے ماہ رمضان کو قرار دیا ہے جسے تو نے تمام مہینوں میں امتیاز بخشا اور تمام وقتوں اور زمانوں میں سے اسے منتخب فرمایا ہے اور اس میں قرآن اور نور کو نازل فرما کر اور ایمان کو فروغ وترقی بخش کر اسے سال کے تمام اوقات پر فضیلت دی اور اس میں روزے واجب کئے اور نمازوں کی ترغیب دی اور اس میں شب قدر کو بزرگی بخشی جو خود ہزار مہینوں سے بہتر ہے۔



Free to read, copy and share

ثُمَّ اَثَرْتَنَا بِهٖ عَلٰى سَآئِرِ الْاُمَمِ، وَاصْطَفَيْتَنَا بِفَضْلِهٖ دُوْنَ اَهْلِ الْمِلَلِ، فَصُمْنَا بِاَمْرِكَ نَهَارَهٗ، وَقُمْنَا بِعَوْنِكَ لَيْلَهٗ، مُتَعَرِّضِيْنَ بِصِيَامِهٖ وَقِيَامِهٖ لِمَا عَرَّضْتَنَا لَهٗ مِنْ رَّحْمَتِكَ، وَتَسَبَّبْنَا اِلَيْهِ مِنْ مَّثُوْبَتِكَ، وَاَنْتَ الْمَلِيْءُ بِمَا رُغِبَ فِيْهِ اِلَيْكَ، اَلْجَوَادُ بِمَا سُئِلْتَ مِنْ فَضْلِكَ، اَلْقَرِيْبُ اِلٰى مَنْ حَاوَلَ قُرْبَكَ۔

*THUMMA ATHARTANAA BIHEE 'ALAA SAA'IRI AL-UMAMI, WASTAFAYTANAA BIFADLIHEE DOONA AHLI AL-MILALI, FASUMNAA BI-AMRIKA NAHAARAHOO, WAQUMNAA BI'AWNIKA LAYLAHOO, MUTA'ARRIDEENA BISIYAAMIHEE WAQIYAAMIHEE LIMAA 'ARRADTANAA LAHOO MIN RAHMATIKA, WATASABBABNAA ILAYHI MIN MATHOOBATIKA, WA-ANTA AL-MALEE'U BIMAA RUGHIBA FEEHI ILAYKA, AL-JAWAADU BIMAA SU'ILTA MIN FADLIKA, AL-QAREEBU ILAA MAN HAAWALA QURBAK.*

Through it Thou hast preferred us over the other communities and through its excellence Thou hast chosen us to the exclusion of the people of the creeds. We fasted by Thy command in its daylight, we stood in prayer with Thy help in its night, presenting ourselves by its fasting and its standing to the mercy which Thou hast held up before us, and we found through it the means to Thy reward. And Thou art full of what is sought from Thee, munificent with what is asked of Thy bounty, and near to him who strives for Thy nearness.

پھر اس مہینہ کی وجہ سے تو نے ہمیں تمام امتوں پر ترجیح دی اور دوسری امتوں کے بجائے ہمیں اس کی فضیلت کے باعث منتخب کیا۔ چنانچہ ہم نے تیرے حکم سے اس کے دنوں میں روزے رکھے اور تیری مدد سے اس کی راتیں عبادت میں بسر کیں۔ اس حالت میں کہ ہم اس روزہ نماز کے ذریعہ تیری اس رحمت کے خواستگار تھے جس کا دامن تو نے ہمارے لئے پھیلایا ہے اور اسے تیرے اجر وثواب کا وسیلہ قرار دیا۔ اور تو ہر اس چیز کے عطا کرنے پر قادر ہے جس کی تجھ سے خواہش کی جائے اور ہر اس چیز کا بخشنے والا ہے جس کا تیرے فضل سے سوال کیا جائے تو ہر اس شخص سے قریب ہے جو تجھ سے قرب حاصل کرنا چاہے۔


Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

وَقَدْ اَقَامَ فِيْنَا هٰذَا الشَّهْرُ مُقَامَ حَمْدٍ، وَصَحِبَنَا صُحْبَةَ مَبْرُوْرٍ، وَاَرْبَحَنَا اَفْضَلَ اَرْبَاحِ الْعَالَمِيْنَ، ثُمَّ قَدْ فَارَقَنَا عِنْدَ تَمَامِ وَقْتِهٖ، وَانْقِطَاعِ مُدَّتِهٖ، وَوَفَآءِ عَدَدِهٖ۔ فَنَحْنُ مُوَدِّعُوْهُ وِدَاعَ مَنْ عَزَّ فِرَاقُهٗ عَلَيْنَا، وَغَمَّنَا وَاَوْحَشَنَا اِنْصِرَافُهٗ عَنَّا، وَلَزِمَنَا لَهُ الذِّمَامُ الْمَحْفُوْظُ، وَالْحُرْمَةُ الْمَرْعِيَّةُ، وَالْحَقُّ الْمَقْضِيُّ۔

*WAQAD AQAAMA FEENAA HAAZAA ASH-SHAHRU MUQAAMA HAMDIN, WASAHIBANAA SUHBATA MABROORIN, WA-ARBAHANAA AFDALA ARBAAHI AL-'AALAMEENA, THUMMA QAD FAARAQANAA 'INDA TAMAAMI WAQTIHEE, WANQITAA'I MUDDATIHEE, WAWAFAA'I 'ADADIH. FANAHNU MUWADDI'OOHU WIDAA'A MAN 'AZZA FIRAAQUHOO 'ALAYNAA, WAGHAMMANAA WA-AWHASHANAA INSIRAAFUHU 'ANNAA, WALAZIMANAA LAHU AZ-ZIMAAMU AL-MAHFOOZU, WAL-HURMATU AL-MAR'IYYATU, WAL-HAQQU AL-MAQDIYY.*

This month stood among us in a standing place of praise, accompanied us with the companionship of one approved, and profited us with the most excellent profit of the world's creatures. Then it parted from us at the completion of its time, the end of its term, and the fulfilment of its number. So we bid farewell to it with the farewell of one whose parting pains us, whose leaving fills us with gloom and loneliness, and to whom we have come to owe a safeguarded claim, an observed inviolability, and a discharged right.

اس مہینہ نے ہمارے درمیان قابل ستائش دن گزارے اور اچھی طرح حق رفاقت ادا کیا اور دنیا جہان کے بہترین فائدوں سے ہمیں مالا مال کیا۔ پھر جب اس کا زمانہ ختم ہو گیا، مدت بیت گئی اور گنتی تمام ہو گئی تو وہ ہم سے جدا ہو گیا۔ اب ہم اسے رخصت کرتے ہیں اس شخص کے رخصت کرنے کی طرح جس کی جدائی ہم پر شاق ہو اور جس کا جانا ہمارے لئے غم افزا اور وحشت انگیز ہو اور جس کے عہد وپیمان کی نگہداشت عزّت وحرمت کا پاس اور اس کے واجب الادا حق سے سبکدوشی از بس ضروری ہو



Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

فَنَحْنُ قَآئِلُوْنَ: اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا شَهْرَ اللهِ الْاَكْبَرَ، وَيَا عِيْدَ اَوْلِيَآئِهٖ۔ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَااَكْرَمَ مَصْحُوْبٍ مِّنَ الْاَوْقَاتِ، وَيَا خَيْرَ شَهْرٍ فِي الْاَيَّامِ وَالسَّاعَاتِ۔ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ مِنْ شَهْرٍ قَرُبَتْ فِيْهِ الْاٰمَالُ، وَنُشِرَتْ فِيْهِ الْاَعْمَالُ۔

*FANAHNU QAA'ILOONA: AS-SALAAMU 'ALAYKA YAA SHAHRA ALLAAHI AL-AKBARA, WAYAA 'EEDA AWLIYAA'IH. AS-SALAAMU 'ALAYKA YAA AKRAMA MASHOOBIN MINA AL-AWQAATI, WAYAA KHAYRA SHAHRIN FEE AL-AYYAAMI WAS-SAA'AAT. AS-SALAAMU 'ALAYKA MIN SHAHRIN QARUBAT FEEHI AL-AAMAALU, WANUSHIRAT FEEHI AL-A'MAAL.*

We say: Peace be upon thee, O greatest month of God! O festival of His friends! Peace be upon thee, O most noble of accompanying times! O best of months in days and hours! Peace be upon thee, month in which expectations come near and good works are scattered about!

اس لئے ہم کہتے ہیں۔ اے اللہ کے بزرگ ترین مہینے تجھ پر سلام، اے دوستان خدا کی عید تجھ پر سلام اے اوقات میں بہترین رفیق اور دنوں اور ساعتوں میں بہترین مہینے تجھ پر سلام ہو، اے وہ مہینے جس میں امیدیں بر آتی ہیں اور اعمال کی فراوانی ہوتی ہے تجھ پر سلام۔

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ مِنْ قَرِيْنٍ جَلَّ قَدْرُهٗ مَوْجُوْدًا، وَاَفْجَعَ فَقْدُهٗ مَفْقُوْدًا، وَمَرْجُوٍّ اَلَمَ فِرَاقُهٗ۔ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ مِنْ اَلِيْفٍ اَنَسَ مُقْبِلًا فَسَرَّ، وَاَوْحَشَ مُنْقَضِيًا فَمَضَّ۔ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ مِنْ مُجَاوِرٍ رَّقَّتْ فِيْهِ الْقُلُوْبُ، وَقَلَّتْ فِيْهِ الذُّنُوْبُ۔

*AS-SALAAMU 'ALAYKA MIN QAREENIN JALLA QADRUHOO MAWJOODAN, WAFJA'A FAQDUHOO MAFQOODAN, WAMARJUWWIN AALAMA FIRAAQUH. AS-SALAAMU 'ALAYKA MIN ALEEFIN ANASA MUQBILAN FASARRA, WA-AWHASHA MUNQADIYAN FAMADD. AS-SALAAMU 'ALAYKA MIN MUJAAWIRIN RAQQAT FEEHI AL-QULOOBU, WAQALLAT FEEHI AZ-ZUNOOB.*

Peace be upon thee, comrade who is great in worth when found and who torments through absence when lost, anticipated friend whose parting gives pain! Peace be upon thee, familiar who brought comfort in coming, thus making happy, who left loneliness in going, thus giving anguish! Peace be upon thee, neighbour in whom hearts became tender and sins became few!

اے وہ ہم نشین کہ جو موجود ہو تو اس کی بڑی قدرومنزلت ہوتی ہے اور نہ ہونے پر بڑا دکھ ہوتا ہے اور اے وہ سرچشمہ امید ورجا جس کی جدائی الم انگیز ہے تجھ پر سلام۔ اے وہ ہمدم جو انس و دل بستگی کا سامان لئے ہوئے آیا تو شادمانی کا سبب ہوا اور واپس گیا تو وحشت بڑھا کر غمگین بنا گیا تجھ پر سلام۔ اے وہ ہمسائے جس کی ہمسائیگی میں دل نرم اور گناہ کم ہو گئے تجھ پر سلام۔



Free to read, copy and share

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ مِنْ نَاصِرٍ اَعَانَ عَلَى الشَّيْطَانِ، وَصَاحِبٍ سَهَّلَ سُبُلَ الْاِحْسَانِ۔ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ مَا اَكْثَرَ عُتَقَآءَ اللّٰهِ فِيْكَ، وَمَا اَسْعَدَ مَنْ رَعٰى حُرْمَتَكَ بِكَ۔ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ مَا كَانَ اَمْحَاكَ لِلذُّنُوْبِ، وَاَسْتَرَكَ لِاَنْوَاعِ الْعُيُوْبِ۔

*AS-SALAAMU 'ALAYKA MIN NAASIRIN A'AANA 'ALAA ASH-SHAYTAANI, WASAAHIBIN SAHHALA SUBULA AL-IHSAAN. AS-SALAAMU 'ALAYKA MAA AKTHARA 'UTAQAA'A ALLAAHI FEEKA, WAMAA AS'ADA MAN RA'AA HURMATAKA BIK. AS-SALAAMU 'ALAYKA MAA KAANA AMHAAKA LIZ-ZUNOOBI, WA-ASTARAKA LI-ANWAA'I AL-'UYOOB.*

Peace be upon thee, helper who aided against Satan, companion who made easy the paths of good doing! Peace be upon thee, how many became freedmen of God within thee! How happy those who observed the respect due to thee! Peace be upon thee, how many the sins thou erased! How many the kinds of faults thou covered over!

اے وہ مددگار جس نے شیطان کے مقابلہ میں مدد واعانت کی، اے وہ ساتھی جس نے حسن عمل کی راہیں ہموار کیں تجھ پر سلام، (اے ماہ رمضان) تجھ میں اللہ کے آزاد کیے ہوئے بندے کس قدر زیادہ ہیں اور جنہوں نے تیری حرمت وعزت کا پاس ولحاظ رکھا وہ کتنے خوش نسیب ہیں تجھ پر سلام، تو کس قدر گناہوں کو محو کرنے والا اور قسم قسم کے عیبوں کو چھپانے والا ہے تجھ پر سلام۔

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ مَا كَانَ اَطْوَلَكَ عَلَى الْمُجْرِمِيْنَ، وَاَهْيَبَكَ فِيْ صُدُوْرِ الْمُؤْمِنِيْنَ۔ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ مِنْ شَهْرٍ لَّا تُنَافِسُهُ الْاَيَّامُ۔ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ مِنْ شَهْرٍ هُوَ مِنْ كُلِّ اَمْرٍ سَلَامٌ۔ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ غَيْرَ كَرِيْهِ الْمُصَاحَبَةِ، وَلَا ذَمِيْمِ الْمُلَابَسَةِ۔

*AS-SALAAMU 'ALAYKA MAA KAANA ATWALAKA 'ALAA AL-MUJRIMEENA, WA-AHYABAKA FEE SUDOORI AL-MU'MINEEN. AS-SALAAMU 'ALAYKA MIN SHAHRIN LAA TUNAAFISUHU AL-AYYAAM. AS-SALAAMU 'ALAYKA MIN SHAHRIN HUWA MIN KULLI AMRIN SALAAM. AS-SALAAMU 'ALAYKA GHAYRA KAREEHI AL-MUSAAHABATI, WALAA ZAMEEMI AL-MULAABASAH.*

Peace be upon thee, how drawn out wert thou for the sinners! How awesome wert thou in the hearts of the faithful! Peace be upon thee, month with which no days compete! Peace be upon thee, month which is peace in all affairs! Peace be upon thee, thou whose companionship is not disliked, thou whose friendly mixing is not blamed!

تو گنہگاروں کے لئے کتنا طویل اور مومنوں کے دلوں میں کتنا پر ہیبت ہے تجھ پر سلام، اے وہ مہینے جس سے دوسرے ایام ہمسری کا دعویٰ نہیں کر سکتے تجھ پر سلام، اے وہ مہینے جو ہر امر سے سلامتی کا باعث ہے تجھ پر سلام، اے وہ جس کی ہم نشینی بار خاطر اور معاشرت ناگوار نہیں۔ تجھ پر سلام


Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ كَمَا وَفَدْتَ عَلَيْنَا بِالْبَرَكَاتِ، وَغَسَلْتَ عَنَّا دَنَسَ الْخَطِيْئَاتِ۔ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ غَيْرَ مُوَدَّعٍ بَرَمًا وَلَا مَتْرُوْكٍ صِيَامُهٗ سَاَمًا۔ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ مِنْ مَطْلُوْبٍ قَبْلَ وَقْتِهٖ، وَمَحْزُوْنٍ عَلَيْهِ قَبْلَ فَوْتِهٖ۔

*AS-SALAAMU 'ALAYKA KAMAA WAFADTA 'ALAYNAA BIL-BARAKAATI, WAGHASALTA 'ANNAA DANASA AL-KHATEE'AAT. AS-SALAAMU 'ALAYKA GHAYRA MUWADDA'IN BARAMAN WALAA MATROOKIN SIYAAMUHOO SA'AMAA. AS-SALAAMU 'ALAYKA MIN MATLOOBIN QABLA WAQTIHEE, WAMAHZOONIN 'ALAYHI QABLA FAWTIH.*

Peace be upon thee, just as thou hast entered upon us with blessings and cleansed us of the defilement of offenses! Peace be upon thee, Thou art not bid farewell in annoyance nor is thy fasting left in weariness! Peace be upon thee, object of seeking before thy time, object of sorrow before thy passing!

جب کہ تو برکتوں کے ساتھ ہمارے پاس آیا اور گناہوں کی آلودگیوں کو دھویا تجھ پر سلام، اے وہ جسے دل تنگی کی وجہ سے رخصت نہیں کیا گیا۔ اور نہ خستگی کی وجہ سے اس کے روزے چھوڑے گئے تجھ پر سلام۔ اے وہ کہ جس کے آنے کی پہلے سے خواہش تھی اور جس کے ختم ہونے سے قبل ہی دل رنجیدہ ہیں تجھ پر سلام۔

---

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ كَمْ مِّنْ سُوْٓءٍ صُرِفَ بِكَ عَنَّا، وَكَمْ مِنْ خَيْرٍ اُفِيْضَ بِكَ عَلَيْنَا۔ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ وَعَلٰى لَيْلَةِ الْقَدْرِ الَّتِيْ هِيَ خَيْرٌ مِّنْ اَلْفِ شَهْرٍ۔ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ مَا كَانَ اَحْرَصَنَا بِالْاَمْسِ عَلَيْكَ، وَاَشَدَّ شَوْقَنَا غَدًا اِلَيْكَ۔

*AS-SALAAMU 'ALAYKA KAM MIN SOO'IN SURIFA BIKA 'ANNAA, WAKAM MIN KHAYRIN UFEEDA BIKA 'ALAYNAA. AS-SALAAMU 'ALAYKA WA'ALAA LAYLATI AL-QADRI ALLATEE HIYA KHAYRUN MIN ALFI SHAHR. AS-SALAAMU 'ALAYKA MAA KAANA AHRASANAA BIL-MSI 'ALAYKA, WA-ASHADDA SHAWQANAA GHADAN ILAYK.*

Peace be upon thee, how much evil was turned away from us through thee! How much good flowed upon us because of thee! Peace be upon thee and upon the Night of Decree which is better than a thousand months! Peace be upon thee, how much we craved thee yesterday! How intensely we shall yearn for thee tomorrow!

تیری وجہ سے کتنی برائیاں ہم سے دور ہو گئیں اور کتنی بھلائیوں کے سرچشمے ہمارے لئے جاری ہو گئے تجھ پر سلام۔ اے ماہ رمضان تجھ پر اور اس شب قدر پر جو ہزار مہینوں سے بہتر ہے سلام ہو۔ ابھی کل ہم کتنے تجھ پر وارفتہ تھے اور آنے والے کل میں ہمارے شوق کی کتنی فراوانی ہو گئی تجھ پر سلام۔



Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ وَعَلٰى فَضْلِكَ الَّذِيْ حُرِمْنَاهُ، وَعَلٰى مَاضٍ مِّنْ بَرَكَاتِكَ سُلِبْنَاهُ۔ اَللّٰهُمَّ اِنَّا اَهْلُ هٰذَا الشَّهْرِ الَّذِيْ شَرَّفْتَنَا بِهٖ، وَوَفَّقْتَنَا بِمَنِّكَ لَهٗ حِيْنَ جَهِلَ الْاَشْقِيَآءُ وَقْتَهٗ، وَحُرِمُوْا لِشَقَآئِهِمْ فَضْلَهٗ۔

*AS-SALAAMU 'ALAYKA WA'ALAA FADLIKA ALLAZEE HURIMNAAHOO, WA'ALAA MAADIN MIN BARAKAATIKA SULIBNAAH. ALLAAHUMMA INNAA AHLU HAAZAA ASH-SHAHRI ALLAZEE SHARRAFTANAA BIHEE, WAWAFFAQTANAA BIMANNIKA LAHOO HEENA JAHILA AL-ASHQIYAA'U WAQTAHOO, WAHURIMOO LISHAQAA'IHIM FADLAH.*

Peace be upon thee and upon thy bounty which has now been made unlawful to us and upon thy blessings gone by which have now been stripped away from us! O God, we are the people of this month. Through it Thou hast ennobled us and given us success because of Thy kindness, while the wretched are ignorant of its time. Made unlawful to them is its bounty because of their wretchedness.

اے ماہ مبارک تجھ پر اور تیری ان فضیلتوں پر جن سے ہم محروم ہو گئے اور تیری گزشتہ برکتوں پر جو ہمارے ہاتھ سے جاتی رہیں سلام ہو۔ اے اللہ ہم اس مہینے سے مخصوص ہیں جس کی وجہ سے تو نے ہمیں شرف بخشا اور اپنے لطف و احسان سے اس کی حق شناسی کی توفیق دی جبکہ بد نصیب لوگ اس کے وقت (کی قدر و قیمت) سے بے خبر تھے اور اپنی بد بختی کی وجہ سے اس کے فضل سے محروم رہ گئے



Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

اَنْتَ وَلِيُّ مَا اَثَرْتَنَا بِهٖ مِنْ مَّعْرِفَتِهٖ، وَهَدَيْتَنَا لَهٗ مِنْ سُنَّتِهٖ، وَقَدْ تَوَلَّيْنَا بِتَوْفِيْقِكَ صِيَامَهٗ وَقِيَامَهٗ عَلٰى تَقْصِيْرٍ، وَاَدَّيْنَا فِيْهِ قَلِيْلًا مِّنْ كَثِيْرٍ۔ اَللّٰهُمَّ فَلَكَ الْحَمْدُ اِقْرَارًا بِالْاِسَاءَةِ، وَاعْتِرَافًا بِالْاِضَاعَةِ، وَلَكَ مِنْ قُلُوْبِنَا عَقْدُ النَّدَمِ، وَمِنْ اَلْسِنَتِنَا صِدْقُ الْاِعْتِذَارِ۔

*ANTA WALIYYU MAA ATHARTANAA BIHEE MIN MA'RIFATIHEE, WAHADAYTANAA LAHOO MIN SUNNATIHEE, WAQAD TAWALLAYNAA BITAWFEEQIKA SIYAAMAHOO WAQIYAAMAHOO 'ALAA TAQSEERIN, WA-ADDAYNAA FEEHI QALEELAN MIN KATHEER. ALLAAHUMMA FALAKA AL-HAMDU IQRAARAN BIL-ISAA'ATI, WA'TIRAAFAN BIL-IDAA'ATI, WALAKA MIN QULOOBINAA 'AQDU AN-NADAMI, WAMIN ALSINATINAA SIDQU AL-I'TIZAAR.*

Thou art the patron of the knowledge of it by which Thou hast preferred us, and its prescribed practices to which Thou hast guided us. We have undertaken, through Thy giving success, its fasting and its standing in prayer, but with shortcomings, and we have performed little of much. O God, so to Thee belongs praise, in admission of evil doing and confession of negligence, and to Thee belongs remorse firmly knitted in our hearts and seeking of pardon sincerely uttered by our tongues.

اور تو ہی ولی وصاحب اختیار ہے کہ ہمیں اس کی حق شناسی کے لئے منتخب کیا اور اس کے احکام کی ہدایت فرمائی۔ بے شک تیری توفیق سے ہم نے اس مہینے میں روزے رکھے، عبادت کے لئے قیام کیا۔ مگر کمی وکوتاہی کے ساتھ اور مشتے ازخروار سے زیادہ نہ بجا لاسکے۔ اے اللہ ! ہم اپنی بد اعمالی کا اقرار اور سہل انگاری کا اعتراف کرتے ہوئے تیری حمد کرتے ہیں اور اب تیرے لئے کچھ ہے تو وہ ہمارے دلوں کی واقعی شرمساری اور ہماری زبانوں کی سچی معذرت ہے۔



Free to read, copy and share

فَاجُرْنَا عَلٰى مَا اَصَابَنَا فِيْهِ مِنَ التَّفْرِيْطِ اَجْرًا نَسْتَدْرِكُ بِهِ الْفَضْلَ الْمَرْغُوْبَ فِيْهِ، وَنَعْتَاضُ بِهٖ مِنْ اَنْوَاعِ الذُّخْرِ الْمَحْرُوْصِ عَلَيْهِ وَاَوْجِبْ لَنَا عُذْرَكَ عَلٰى مَا قَصَّرْنَا فِيْهِ مِنْ حَقِّكَ، وَابْلُغْ بِاَعْمَارِنَا مَا بَيْنَ اَيْدِيْنَا مِنْ شَهْرِ رَمَضَانَ الْمُقْبِلِ۔

*FAAJURNAA 'ALAA MAA ASAABANAA FEEHI MINA AT-TAFREETI AJRAN NASTADRIKU BIHI AL-FADLA AL-MARGHOOBA FEEHI, WANA'TAADU BIHEE MIN ANWAA'I AZ-ZUKHRI AL-MAHROOSI 'ALAYHI WA-AWJIB LANAA 'UZRAKA 'ALAA MAA QASSARNAA FEEHI MIN HAQQIKA, WABLUGH BI'MAARINAA MAA BAYNA AYDEENAA MIN SHAHRI RAMADAANA AL-MUQBIL.*

Reward us, in spite of the neglect that befell us in this month, with a reward through which we may reach the bounty desired from it and win the varieties of its craved stores! Make incumbent upon us Thy pardon for our falling short of Thy right in this month and make our lives which lie before us reach the coming month of Ramadan!

لہذا اس کمی و کوتاہی کے باوجود جو ہم سے ہوئی ہے ہمیں ایسا اجر عطا کر کہ ہم اس کے ذریعہ دلخواہ فضیلت وسعادت کو پا سکیں اور طرح طرح کے اجر وثواب کے ذخیرے جن کے ہم آرزو مند تھے اس کے عوض حاصل کر سکیں اور ہم نے تیرے حق میں جو کمی کوتاہی کی ہے اس میں ہمارے عذر کو قبول فرما اور ہماری عمر آئندہ کا رشتہ آنے والے ماہ رمضان سے جوڑ دے۔

فَاِذَا بَلَّغْتَنَاهُ فَاَعِنَّا عَلٰى تَنَاوُلِ مَا اَنْتَ اَهْلُهٗ مِنَ الْعِبَادَةِ، وَاَدِّنَا اِلَى الْقِيَامِ بِمَا يَسْتَحِقُّهٗ مِنَ الطَّاعَةِ، وَاَجْرِ لَنَا مِنْ صَالِحِ الْعَمَلِ مَا يَكُوْنُ دَرَكًا لِحَقِّكَ فِي الشَّهْرَيْنِ مِنْ شُهُوْرِ الدَّهْرِ۔

*FA-IZAA BALLAGHTANAAHU FA-A'INNAA 'ALAA TANAAWULI MAA ANTA AHLUHOO MINA AL-'IBAADATI, WA-ADDINAA ILAA AL-QIYAAMI BIMAA YASTAHIQQUHOO MINA AT-TAA'ATI, WA-AJRI LANAA MIN SAALIHI AL-'AMALI MAA YAKOONU DARAKAN LIHAQQIKA FEE ASH-SHAHRAYNI MIN SHUHOORI AD-DAHR.*

Once Thou hast made us reach it, help us perform the worship of which Thou art worthy, cause us to undertake the obedience which Thou deservest, and grant us righteous works that we may fulfil Thy right in these two months of the months of time.

اور جب اس تک پہنچا دے تو جو عبادت تیرے شایان شان ہو اس کے بجا لانے پر ہماری اعانت فرمانا اور اس اطاعت پر جس کا وہ مہینہ سزاوار ہے عمل پیرا ہونے کی توفیق دینا اور ہمارے لئے ایسے نیک اعمال کا سلسلہ جاری رکھنا کہ جو زمانہ زیست کے مہینوں میں ایک کے بعد دوسرے ماہ رمضان میں تیری حق ادائیگی کا باعث ہوں۔


Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

اَللّٰهُمَّ وَمَا الْمَمْنَا بِهٖ فِيْ شَهْرِنَا هٰذَا مِنْ لَمَمٍ اَوْ اِثْمٍ، اَوْ وَاقَعْنَا فِيْهِ مِنْ ذَنْبٍ، وَاكْتَسَبْنَا فِيْهِ مِنْ خَطِيْئَةٍ عَلٰى تَعَمُّدٍ مِّنَّا، اَوْ عَلٰى نِسْيَانٍ ظَلَمْنَا فِيْهِ اَنْفُسَنَا، اَوِ انْتَهَكْنَا بِهٖ حُرْمَةً مِّنْ غَيْرِنَا، فَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ، وَاسْتُرْنَا بِسِتْرِكَ، وَاعْفُ عَنَّا بِعَفْوِكَ، وَلَا تَنْصِبْنَا فِيْهِ لِاَعْيُنِ الشَّامِتِيْنَ، وَلَا تَبْسُطْ عَلَيْنَا فِيْهِ اَلْسُنَ الطَّاعِنِيْنَ، وَاسْتَعْمِلْنَا بِمَا يَكُوْنُ حِطَّةً وَّكَفَّارَةً لِّمَا اَنْكَرْتَ مِنَّا فِيْهِ بِرَافَتِكَ الَّتِيْ لَا تَنْفَدُ، وَفَضْلِكَ الَّذِيْ لَا يَنْقُصُ۔

*ALLAAHUMMA WAMAA AL-MAMNAA BIHEE FEE SHAHRINAA HAAZAA MIN LAMAMIN AW ITHMIN, AW WAAQA'NAA FEEHI MIN ZANBIN, WAKTASABNAA FEEHI MIN KHATEE'ATIN 'ALAA TA'AMMUDIN MINNAA, AW 'ALAA NISYAANIN ZALAMNAA FEEHI ANFUSANAA, AWI INTAHAKNAA BIHEE HURMATAN MIN GHAYRINAA, FASALLI 'ALAA MUHAMMADIN WA-AALIHEE, WASTURNAA BISITRIKA, WA'FU 'ANNAA BI'AFWIKA, WALAA TANSIBNAA FEEHI LI-A'YUNI ASH-SHAAMITEENA, WALAA TABSUT 'ALAYNAA FEEHI ALSUNA AT-TAA'INEENA, WASTA'MILNAA BIMAA YAKOONU HITTATAN WAKAFFAARATAN LIMAA ANKARTA MINNAA FEEHI BIRAAFATIKA ALLATEE LAA TANFADU, WAFADLIKA ALLAZEE LAA YANQUS.*

O God, as for the small and large sins which we have committed in this our month, the misdeeds into which we have fallen, and the offenses which we have earned purposefully or in forgetfulness, wronging ourselves thereby or violating the respect due to others, bless Muhammad and his Household, cover us over with Thy covering, pardon us through Thy pardoning, place us not before the eyes of the gloaters because of that, stretch not toward us the tongues of the defamers, and employ us in that which will alleviate and expiate whatever Thou disapprovest from us within it through Thy clemency which does not run out, and Thy bounty which does not diminish!

اے اللہ ! ہم نے اس مہینہ میں جو صغیرہ یا کبیرہ معصیت کی ہو، یا کسی گناہ سے آلودہ اور کسی خطا کے مرتکب ہوئے ہوں جان بوجھ کر یا بھولے چوکے، خود اپنے نفس پر ظلم کیا ہو یا دوسرے کا دامن حرمت چاک کیا ہو۔ تو محمد اور ان کی آل پر رحمت نازل فرما اور ہمیں اپنے پردہ میں ڈھانپ لے اور اپنے عفو ودرگزر سے کام لیتے ہوئے معاف کردے، اور ایسا نہ ہو کہ اس گناہ کی وجہ سے طنز کرنے والوں کی آنکھیں ہمیں گھوریں اور طعنہ زنی کرنے والوں کی زبانیں ہم پر کھلیں اور اپنی شفقت بے پایاں سے اور مرحمت روز افزوں سے ہمیں ان اعمال پر کاربند کر کہ جو ان چیزوں کو برطرف کریں اور ان کی تلافی کریں جنہیں تو اس ماہ میں ہمارے لئے ناپسند کرتا ہے۔



Free to read, copy and share

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ، وَاجْبُرْ مُصِيْبَتَنَا بِشَهْرِنَا، وَبَارِكْ لَنَا فِيْ يَوْمِ عِيْدِنَا وَفِطْرِنَا، وَاجْعَلْهُ مِنْ خَيْرِ يَوْمٍ مَّرَّ عَلَيْنَا اجْلَبِهٖ لِعَفْوٍ، وَاَمْحَاهُ لِذَنْبٍ، وَاغْفِرْ لَنَا مَا خَفِيَ مِنْ ذُنُوْبِنَا وَمَا عَلَنَ۔

*ALLAAHUMMA SALLI 'ALAA MUHAMMADIN WA-AALIHEE, WAJBUR MUSEEBATANAA BISHAHRINAA, WABAARIK LANAA FEE YAWMI 'EEDINAA WAFITRINAA, WAJ'ALHU MIN KHAYRI YAWMIN MARRA 'ALAYNAA IJLABIHEE LI'AFWIN, WA-AMHAAHU LIZANBIN, WAGHFIR LANAA MAA KHAFIYA MIN ZUNOOBINAA WAMAA 'ALAN.*

O God, bless Muhammad and his Household, redress our being afflicted by our month, bless us in this day of our festival and our fast-breaking, make it one of the best of days that have passed over us, the greatest in attracting Thy pardon, and the most effacing toward sins, and forgive us our sins, both the concealed and the public!

اے اللہ ! محمد اور ان کی آل پر رحمت نازل فرما اوراس مہینہ کے رخصت ہونے سے جو قلق ہمیں ہوا ہے اس کا چارہ کر اور عید اور روزہ چھوڑنے کے دن کو ہمارے لئے مبارک قرار دے اور اسے ہمارے گزرے ہوئے دنوں میں بہترین دن قرار دے جو عفو ودرگزر کو سمیٹنے والا اور گناہوں کو محو کرنے والا ہو اور تو ہمارے ظاہر وپوشیدہ گناہوں کو بخش دے۔

اَللّٰهُمَّ اسْلَخْنَا بِانْسِلَاخِ هٰذَا الشَّهْرِ مِنْ خَطَايَانَا، وَاَخْرِجْنَا بُخُرُوْجِهٖ مِنْ سَيِّئَاتِنَا، وَاجْعَلْنَا مِنْ اَسْعَدِ اَهْلِهٖ بِهٖ، وَاجْزَلِهِمْ قِسَمًا فِيْهِ، وَاَوْفَرِهِمْ حَظًّا مِّنْهُ۔

*ALLAAHUMMA ISLAKHNAA BINSILAAKHI HAAZAA ASH-SHAHRI MIN KHATAAYAANAA, WA-AKHRIJNAA BUKHUROOJIHEE MIN SAYYI'AATINAA, WAJ'ALNAA MIN AS'ADI AHLIHEE BIHEE, WAJZALIHIM QISAMAN FEEHI, WA-AWFARIHIM HAZZAN MINH.*

O God, with the passing of this month make us pass forth from our offenses, with its departure make us depart from our evil deeds, and appoint us thereby among its most felicitous people, the most plentiful of them in portion, and the fullest of them in share!

بارالہا اس مہینہ سے الگ ہونے کے ساتھ تو ہمیں گناہوں سے الگ کردے اور اس کے نکلنے کے ساتھ تو ہمیں برائیوں سے نکال لے اوراس مہینہ کی بدولت اس کو آباد کرنے والوں میں ہمیں سب سے بڑھ کر خوش بخت بانصیب اور بہرہ مند قرار دے۔


Free to read, copy and share

اَللّٰهُمَّ وَمَنْ رَّعٰى هٰذَا الشَّهْرَ حَقَّ رِعَايَتِهٖ، وَحَفِظَ حُرْمَتَهٗ حَقَّ حِفْظِهَا، وَقَامَ بِحُدُوْدِهٖ حَقَّ قِيَامِهَا، وَاتَّقٰى ذُنُوْبَهٗ حَقَّ تُقَاتِهَا، اَوْ تَقَرَّبَ اِلَيْكَ بِقُرْبَةٍ اَوْجَبَتْ رِضَاكَ لَهٗ، وَعَطَفَتْ رَحْمَتَكَ عَلَيْهِ، فَهَبْ لَنَا مِثْلَهٗ مِنْ وُجْدِكَ، وَاَعْطِنَا اَضْعَافَهٗ مِنْ فَضْلِكَ، فَاِنَّ فَضْلَكَ لَا يَغِيْضُ، وَاِنَّ خَزَآئِنَكَ لَا تَنْقُصُ بَلْ تَفِيْضُ، وَاِنَّ مَعَادِنَ اِحْسَانِكَ لَا تَفْنٰى، وَاِنَّ عَطَآءَكَ لَلْعَطَآءُ الْمُهَنَّا۔

*ALLAAHUMMA WAMAN RA'AA HAAZAA ASH-SHAHRA HAQQA RI'AAYATIHEE, WAHAFIZA HURMATAHOO HAQQA HIFZIHAA, WAQAAMA BIHUDOODIHEE HAQQA QIYAAMIHAA, WA-ATTAQAA ZUNOOBAHOO HAQQA TUQAATIHAA, AW TAQARRABA ILAYKA BIQURBATIN AWJABAT RIDAAKA LAHOO, WA'ATAFAT RAHMATAKA 'ALAYHI, FAHAB LANAA MITHLAHOO MIN WUJDIKA, WA-A'TINAA AD'AAFAHOO MIN FADLIKA, FA-INNA FADLAKA LAA YAGHEEDU, WA-INNA KHAZAA'INAKA LAA TANQUSU BAL TAFEEDU, WA-INNA MA'AADINA IHSAANIKA LAA TAFNAA, WA-INNA 'ATAA'AKA LAL-'ATAA'U AL-MUHANNAA.*

O God, when any person observes this month as it should be observed, safeguards its inviolability as it should be safeguarded, attends to its bounds as they should be attended to, fears its misdeeds as they should be feared, or seeks nearness to Thee with any act of nearness-seeking which makes incumbent upon him Thy good pleasure and bends toward him Thy mercy, give to us the like (of that) from Thy wealth and bestow it upon us in multiples through Thy bounty, for Thy bounty does not diminish, Thy treasuries do not decrease but overflow, the mines of Thy beneficence are not exhausted, and Thy bestowal is the bestowal full of delight!

اے اللہ ! جس کسی نے جیسا چاہیے اس مہینے کا پاس ولحاظ کیا ہو اور کماحقہ اس کا احترام ملحوظ رکھا ہو اوراس کے احکام پر پوری طرح عمل پیرا رہا ہو۔ گناہوں سے جس طرح بچنا چاہیے اس طرح بچا ہو بہ نیت تقرب ایسا عمل خیر بجا لایا ہو جس نے تیری خوشنودی اس کے لئے ضروری قرار دی ہو اور تیری رحمت کو اس کی طرف متوجہ کردیا ہو۔ تو جو اسے بخشے ویسا ہی ہمیں بھی اپنی دولت بے پایاں میں سے بخش اور اپنے فضل وکرم سے اس سے بھی کئی گنا زائد عطا کر۔ اس لئے کہ تیرا فضل کم نہیں ہوتا اور تیرے خزانے کم ہونے میں نہیں آتے بلکہ بڑھتے ہی جاتے ہیں اور نہ تیرے احسانات کی کانیں فنا ہوتی ہیں اور تیری بخشش وعطا تو ہر لحاظ سے خوشگوار بخشش وعطا ہے۔


Free to read, copy and share

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ، وَاكْتُبْ لَنَا مِثْلَ اُجُوْرِ مَنْ صَامَهٗ، اَوْ تَعَبَّدَ لَكَ فِيْهِ اِلٰى يَوْمِ الْقِيَامَةِ۔ اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَتُوْبُ اِلَيْكَ فِيْ يَوْمِ فِطْرِنَا الَّذِيْ جَعَلْتَهٗ لِلْمُؤْمِنِيْنَ عِيْدًا وَسُرُوْرًا وَلِاَهْلِ مِلَّتِكَ مَجْمَعًا وَّمُحْتَشَدًا مِنْ كُلِّ ذَنْبٍ اَذْنَبْنَاهُ، اَوْ سُوْٓءٍ اَسْلَفْنَاهُ، اَوْ خَاطِرِ شَرٍّ اَضْمَرْنَاهُ، تَوْبَةَ مَنْ لَّا يَنْطَوِيْ عَلٰى رُجُوْعٍ اِلٰى ذَنْبٍ، وَلَا يَعُوْدُ بَعْدَهَا فِيْ خَطِيْئَةٍ، تَوْبَةً نَصُوْحًا خَلَصَتْ مِنَ الشَّكِّ وَالْاِرْتِيَابِ، فَتَقَبَّلْهَا مِنَّا، وَارْضَ عَنَّا، وَثَبِّتْنَا عَلَيْهَا۔

*ALLAAHUMMA SALLI 'ALAA MUHAMMADIN WA-AALIHEE, WAKTUB LANAA MITHLA UJOORI MAN SAAMAHOO, AW TA'ABBADA LAKA FEEHI ILAA YAWMI AL-QIYAAMAH. ALLAAHUMMA INNAA NATOOBU ILAYKA FEE YAWMI FITRINAA ALLAZEE JA'ALTAHU LIL-MU'MINEENA 'EEDAN WASUROORAN WALI-AHLI MILLATIKA MAJMA'AN WAMUHTASHADAN MIN KULLI ZANBIN AZNABNAAHOO, AW SOO'IN ASLAFNAAHU, AW KHAATIRI SHARRIN ADMARNAAHU, TAWBATA MAN LAA YANTAWEE 'ALAA RUJOO'IN ILAA ZANBIN, WALAA YA'OODU BA'DAHAA FEE KHATEE'ATIN, TAWBATAN NASOOHAN KHALASAT MINA ASH-SHAKKI WAL-IRTIYAABI, FATAQABBALHAA MINNAA, WARDA 'ANNAA, WATHABBITNAA 'ALAYHAA.*

O God, bless Muhammad and his Household and write for us the like of the wages of him who fasted in it or worshipped Thee within it until the Day of Resurrection! O God, we repent to Thee in our day of fast-breaking, which Thou hast appointed for the faithful a festival and a joy and for the people of Thy creed a time of assembly and gathering, from every misdeed we did, ill work we sent ahead, or evil thought we secretly conceived, the repentance of one who does not harbour a return to sin and who afterwards will not go back to offense, an unswerving repentance rid of doubt and wavering. So accept it from us, be pleased with us, and fix us within it!

اے اللہ ! محمد اور ان کی آل پر رحمت نازل فرما اور جو لوگ روز قیامت تک اس ماہ کے روزے رکھیں یا تیری عبادت کریں ان کے اجر وثواب کے مانند ہمارے لئے اجر وثواب ثبت فرما۔ اے اللہ ! ہم اس روز فطر میں جسے تو نے اہل ایمان کے لئے عید ومسرت کا روز اور اہل اسلام کے لئے اجتماع وتعاون کا دن قرار دیا ہے ہر اس گناہ سے جس کے ہم مرتکب ہوئے ہوں اور اس برائی سے جسے پہلے کر چکے ہوں اور ہر بری نیت سے جسے دل میں لئے ہوئے ہوں اس شخص کی طرح توبہ کرتے ہیں جو گناہوں کی طرف دوبارہ پلٹنے کا ارادہ نہ رکھتا ہو اور نہ توبہ کے بعد خطا کا مرتکب ہوتا ہو ایسی سچی توبہ جو ہر شک وشبہ سے پاک ہو تو اب ہماری توبہ کو قبول فرما ہم سے راضی وخوشنود ہو جا اور ہمیں اس پر ثابت قدم رکھ۔


Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

اَللّٰهُمَّ ارْزُقْنَا خَوْفَ عِقَابِ الْوَعِيْدِ، وَشَوْقَ ثَوَابِ الْمَوْعُوْدِ حَتّٰى نَجِدَ لَذَّةَ مَا نَدْعُوْكَ بِهٖ، وَكَآبَةَ مَا نَسْتَجِيْرُكَ مِنْهُ وَاجْعَلْنَا عِنْدَكَ مِنَ التَّوَّابِيْنَ الَّذِيْنَ اَوْجَبْتَ لَهُمْ مَحَبَّتَكَ، وَقَبِلْتَ مِنْهُمْ مُرَاجَعَةَ طَاعَتِكَ، يَا اَعْدَلَ الْعَادِلِيْنَ۔ اَللّٰهُمَّ تَجَاوَزْ عَنْ اٰبَآئِنَا وَاُمَّهَاتِنَا وَاَهْلِ دِيْنِنَا جَمِيْعًا مَّنْ سَلَفَ مِنْهُمْ وَمَنْ غَبَرَ اِلٰى يَوْمِ الْقِيَامَةِ۔

*ALLAAHUMMA URZUQNAA KHAWFA 'IQAABI AL-WA'EEDI, WASHAWQA THAWAABI AL-MAW'OODI HATTAA NAJIDA LAZZATA MAA NAD'OOKA BIHEE, WAKAABATA MAA NASTAJEERUKA MINHU WAJ'ALNAA 'INDAKA MINA AT-TAWWAABEENA ALLAZEENA AWJABTA LAHUM MAHABBATAKA, WAQABILTA MINHUM MURAAJA'ATA TAA'ATIKA, YAA A'DALA AL-'AADILEEN. ALLAAHUMMA TAJAAWAZ 'AN AABAA'INAA WA-UMMAHAATINAA WA-AHLI DEENINAA JAMEE'AN MAN SALAFA MINHUM WAMAN GHABARA ILAA YAWMI AL-QIYAAMAH.*

O God, provide us with fear of the threatened punishment and yearning for the promised reward, so that we may find the pleasure of that for which we supplicate Thee and the sorrow of that from which we seek sanctuary in Thee! And place us with Thee among the repenters, those upon whom Thou hast made Thy love obligatory and from whom Thou hast accepted the return to obeying Thee! O Most Just of the just! O God, show forbearance toward our fathers and our mothers and all the people of our religion, those who have gone and those who will pass by, until the Day of Resurrection!

اے اللہ ! گناہوں کی سزا کا خوف اور جس ثواب کا تو نے وعدہ کیا ہے اس کا شوق ہمیں نصیب فرما تا کہ جس ثواب کے تجھ سے خواہش مند ہیں اس کی لذت اور جس عذاب سے پناہ مانگ رہے ہیں اس کی تکلیف واذیت پوری طرح جان سکیں۔ اور ہمیں اپنے نزدیک ان توبہ گزاروں میں قرار دے جن کے لئے تو نے اپنی محبت کو لازم کر دیا ہے اور جن سے فرمانبرداری واطاعت کی طرف رجوع ہونے کو تو نے قبول فرمایا ہے۔ اے عدل کرنے والوں میں سب سے زیادہ عدل کرنے والے۔ اے اللہ ! ہمارے ماں باپ اور ہمارے تمام اہل مذہب وملت خواہ وہ گزر چکے ہوں یا قیامت کے دن تک آیندہ آنے والے ہوں سب سے درگزر فرما۔



Free to read, copy and share

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ نَبِيِّنَا وَاٰلِهٖ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى مَلَآئِكَتِكَ الْمُقَرَّبِيْنَ، وَصَلِّ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى اَنْبِيَآئِكَ الْمُرْسَلِيْنَ، وَصَلِّ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى عِبَادِكَ الصَّالِحِيْنَ، وَاَفْضَلَ مِنْ ذٰلِكَ يَارَبَّ الْعَالَمِيْنَ، صَلَاةً تَبْلُغُنَا بَرَكَتُهَا، وَيَنَالُنَا نَفْعُهَا، وَيُسْتَجَابُ لَهَا دُعَآؤُنَا، اِنَّكَ اَكْرَمُ مَنْ رُغِبَ اِلَيْهِ، وَاَكْفٰى مَنْ تُوُكِّلَ عَلَيْهِ، وَاَعْطٰى مَنْ سُئِلَ مِنْ فَضْلِهٖ، وَاَنْتَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ۔

*ALLAAHUMMA SALLI 'ALAA MUHAMMADIN NABIYYINAA WA-AALIHEE KAMAA SALLAYTA 'ALAA MALAA'IKATIKA AL-MUQARRABEENA, WASALLI 'ALAYHI WA-AALIHEE KAMAA SALLAYTA 'ALAA ANBIYAA'IKA AL-MURSALEENA, WASALLI 'ALAYHI WA-AALIHEE KAMAA SALLAYTA 'ALAA 'IBAADIKA AS-SAALIHEENA, WA-AFDALA MIN ZAALIKA YAA RABBA AL-'AALAMEENA, SALAATAN TABLUGHUNAA BARAKATUHAA, WAYANAALUNAA NAF'UHAA, WAYUSTAJAABU LAHAA DU'AA'UNAA, INNAKA AKRAMU MAN RUGHIBA ILAYHI, WAKFAA MAN TUWUKKILA 'ALAYHI, WA-A'TAA MAN SU'ILA MIN FADLIHEE, WA-ANTA 'ALAA KULLI SHAY'IN QADEER.*

O God, bless our prophet Muhammad and his Household, as Thou hast blessed Thy angels brought nigh, bless him and his Household, as Thou hast blessed Thy prophets sent out, bless him and his Household, as Thou hast blessed Thy righteous servants - and better than that, O Lord of the worlds! a blessing whose benediction will reach us, whose benefit will attain to us, and through which our supplication may be granted! Thou art the most generous of those who are beseeched, the most sufficient of those in whom confidence is had, the most bestowing of those from whom bounty is asked, and Thou art powerful over everything!

اے اللہ ! ہمارے نبی محمد اور ان کی آل پر ایسی رحمت نازل فرما جیسی رحمت تو نے اپنے مقرب فرشتوں پر کی ہے اور ان پر اور ان کی آل پر ایسی رحمت نازل فرما جیسی تو نے اپنے فرستادہ نبیوں پر نازل فرمائی ہے اور ان پر او ر ان کی آل پر ایسی رحمت نازل فرما جیسی تو نے اپنے نیکو کار بندوں پر نازل کی ہے (بلکہ) اس سے بہتر وبرتر، اے تمام جہان کے پروردگار ایسی رحمت جس کی برکت ہم تک پہنچے جس کی منفعت ہمیں حاصل ہو اور جس کی وجہ سے ہماری دعائیں قبول ہوں اس لئے کہ تو ان لوگوں سے جن کی طرف رجوع ہوا جاتا ہے زیادہ کریم اور ان لوگوں سے جن پر بھروسہ کیا جاتا ہے زیادہ بے نیاز کرنے والا ہے اور ان لوگوں سے جن کے فضل کی بنا پر سوال کیا جاتا ہے زیادہ عطا کرنے والا ہے اور تو ہر چیز پر قادر وتوانا ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّآلِ مُحَمَّدٍ۔

*ALLAAHUMMA SALLI 'ALAA MUHAMMADIN WA-AALI MUHAMMAD.*

O Allah, send blessings upon Muhammad and the Household of Muhammad.

اے معبود! رحمت نازل فرما حضرت محمدؐ اور انکی آلؑ پر۔


Free to read, copy and share

> Recite Farewell dua Allahumma... fi kitaabe-ka (https://fzic.org/library/dua/allahumma-fi-kitaabe-ka-2822) of Imam Sadiq (a).

> امام صادقؑ کی دُعاء وداع اَللّٰھُمَّ۔۔۔فِیْ کِتَابِکَ (https://fzic.org/library/dua/allahumma-fi-kitaabe-ka-2822) پڑھے۔

Printed from https://fzic.org/library/dua/45-farewell-ramazan-1371 — the devotional library of the Fatima Zahra Imamia Centre, 80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305. Free to read, copy and share.